U.S. DEPARTMENT OF AGRICULTURE

لسانی رسائی کا بیان

7 دسمبر 2023

یہ یقینی بنا کر اپنی خدمات اور (United States Department of Agriculture, USDA) امریکی محکمہ زراعت (Limited English proficiency, LEP) پروگراموں کو مستحکم بنانے کا پابند عہد ہے کہ انگریزی کی محدود مہارت کے وفاقی لحاظ سے اہتمام کردہ اور وفاقی لحاظ سے اعانت یافتہ پروگراموں اور سرگرمیوں تک USDA والے افراد کو کا لسانی رسائی کا منصوبہ مؤثر ہو گیا؛ یہ USDA بامعنی رسائی موصول ہوتی ہے۔ 9 نومبر 2023 کو کے لسانی رسائی کے منصوبے کا ایک USDA پر دستیاب ہے۔ https://usda.gov/oascr/languageaccess یہ بیان مجموعی جائزہ فراہم کرتا ہے۔

عوام کے ساتھ بروقت اور درست مواصلت USDA کے اس مشن کے لیے ضروری ہے کہ امریکہ میں موجود تمام لوگوں کو زراعت، غذ اور تغذیہ، قدرتی وسائل کے تحفظ اور نظم و نسق، دیہی ترقی، اور متعلقہ مسائل میں مؤثر، اختراعی، سائنس پر مبنی پالیسی کی قیادت فراہم کر کے ان کی خدمت انجام دی جائے نیز یہ عادلانہ اور آب و ہوا کے لحاظ سے ایسے اسمارٹ مواقع فراہم کرنے کا پابند عہد ہے جو پھلنے پھولنے میں امریکہ کو تحریک دے اور اس میں اس کی مدد کرے۔

USDA کی پالیسی یہ ہے کہ مشن ایریاز، ایجنسیاں، اور عملہ کے دفاتر لازمی طور پر محکمہ کے زیر اہتمام سارے پروگراموں اور سرگرمیوں کے اندر LEP والے افراد کو بروقت، دوست اور مؤثر مواصلت فراہم کرنے کے معقول اقدامات کریں اور اس کا منصوبہ بنائیں – اور لازمی طور پر یہ یقینی بنانے کا کام کریں کہ USDA سے اعانت یافتہ پروگراموں کے سارے فراہم کنندگان اپنی متعلقہ لسانی رسائی کی ذمہ داریوں کی اور USDA کی پالیسیوں کی تعمیل کرتے ہیں۔ یہ پالیسیاں اس اصول پر مبنی ہیں کہ USDA کے تمام پروگراموں اور سرگرمیوں تک بامعنی رسائی یقینی بنانا اور بذریعہ فون، تحریری شکل میں، بذات خود یا الیکٹرانک طریقوں کے ذریعے USDA سے تعامل کرنے والے، یا تعامل کر سکنے والے افراد کے لیے عدل کی آبیاری کرنا خدمات طلب کرنے والے افراد کی نہیں بلکہ USDA کی ذمہ داری ہے۔

USDA سے اعانت یافتہ پروگراموں اور سرگرمیوں کے فراہم کنندگان پر LEP والے افراد کو بروقت، درست، اور مؤثر مواصلت فراہم کرنے کے لیے لازمی اقدامات اختیار کرنا بھی لازم ہے۔

USDA کا عملہ عوام کو، عوام الناس کو سمجھ میں آنے والی زبان میں، لسانی اعانت کی خدمات کی دستیابی سے مؤثر طور پر مطلع کرنے اور LEP والے افراد کو بلا معاوضہ لیاقت یافتہ لسانی اعانت فراہم کرنے کے معقول اقدامات اختیار کرے گا۔ اس تقاضے کو پورا کرنے کے لیے جو اقدامات کیے جائیں گے ان میں، USDA نے لسانی رسائی کا ایک ویب پیج (https://www.usda.gov/oascr/languageaccess) تشکیل دیا ہے، جو مناسب معلومات اور دستاویزی شہادت، بشمول USDA کا لسانی رسائی کا منصوبہ نیز مشن ایریا، ایجنسی اور عملہ کے دفتر کا لسانی رسائی کا منصوبہ اور ساتھ ہی دیگر قابل اطلاق حکام اور وسائل اور ان افراد کے رابطے کی معلومات پوسٹ کرتا ہے جو معلومات یا لسانی رسائی کی خدمات کے خواہاں ہو سکنے والے عوام الناس کے لیے لسانی رسائی کے سلسلے میں باہمی میل جول بنانے، اس کی نگرانی کرنے اور اس کا سرسری جائزہ فراہم کرنے کے ذمہ دار ہیں۔

USDA کا لسانی رسائی کا منصوبہ محکمہ کے لسانی رسائی پروگرام کے داخلی نظم و نسق کو بہتر بنانے کے ارادے سے ہے، اور یہ امریکہ، اس کی ایجنسیوں، اس کے افسران یا ملازمین یا کسی فرد کے خلاف کوئی حق یا فائدہ، مادی یا دستوری، قانون کی رو سے قابل اطلاق یا فریق کے ذریعے ایکوئٹی کی تخلیق نہیں کرتا ہے۔ USDA کا لسانی رسائی کا منصوبہ محکمہ کے لسانی رسائی پروگرام کے داخلی نظم و نسق کے ارادے سے ہے، اور یہ کسی عدالتی یا انتظامی کارروائی میں حوالہ دینے کے ارادے سے نہیں ہے۔ زیر بحث پروگراموں کا بندوبست محکمہ ہذا اور اس کی ایجنسیوں اور دفاتر کی کلی صوابدید پر ہے۔

مزید معلومات کے لیے، https://usda.gov/oascr/languageaccess دیکھیں۔ (یہ دستاویز وہاں پر متعد زبانوں میں پوسٹ کی گئی ہے۔)